
مکمل کورس

# کونٹینٹ رائٹنگ

انٹرنیٹ پر اُردو میں معلومات لکھ کر پیسہ کمانے کے نہایت آسان طریقے

تحریر: نثار یونس



یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی
ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی
تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080



# تعارف

میرا نام نثار یونس ہے اور میں پنجاب کے ضلع قصور کی تحصیل پتوکی کے نواحی گاؤں چک نمبر 29 میں رہائش پذیر ہوں، میں انٹرنیٹ پر بطور فری لانسر اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہوں، میرا مقصد لوگوں کو آسان طریقوں سے انٹرنیٹ سے کمائی کے طریقے بتانا ہے، میں خود جو کام کر رہا ہوں انٹرنیٹ پر میں صرف اپنے تجربات لکھتا ہوں تاکہ آپ سب احباب بھی ان پر عمل کر کے انٹرنیٹ سے آسانی سے کمائی کر سکیں، اس کتاب کے اندر ہم سیکھیں گے کہ کونٹینٹ رائٹنگ کیا ہے اور اس کو استعمال کر کے ہم آنلائن کیسے پیسے کما سکتے ہیں کونٹینٹ رائٹنگ کے حوالے سے میں نے اپنی پہلی کتاب آنلائن کاروبار کے اندر بھی بہت کچھ لکھا ہے پر اس کتاب میں ہم مکمل طور پر کونٹینٹ رائٹنگ سیکھیں گے،

انشاءاللہ

# 1

**کونٹینٹ رائٹنگ کے متعلق بنیادی معلومات میں نے اپنی پہلی کتاب "آنلائن کاروبار" کے اندر لکھ چکا ہوں اگر آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کونٹینٹ رائٹنگ کیا ہے اور اس کے لئے کن طریقوں کا ہونا ضروری ہے تو آپ میری پہلی کتاب آنلائن کاروبار کے صفحہ نمبر 13 کو وزٹ کریں۔ تاہم، اس کتاب کے اندر انشاءاللہ ہم یہ جانیں گے کہ کونٹینٹ رائٹنگ کی بدولت ہم آنلائن ارننگ کیسے کر سکتے ہیں وغیرہ۔۔۔۔۔**



یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے،

## لکھنا ایک فن اور لکھاری فنکار۔

پڑھنا، لکھنے کی پہلی سیڑھی ہے، لکھنا آسان ہے اگر آپ نے اچھے لکھاریوں کو پڑھا ہو، اپنی تاریخ سے واقف ہوں، اپنی تہذیب کا علم، لکھنے کا مقصد معلوم ہو اور پڑھنے کا بھی، مقصدیت لکھنے کی روح ہے، ایک ننھی کہانی ہو یا طویل افسانہ، مقصدیت سے خالی کچھ نہیں، ممکن ہے کہ آپ کو نہ معلوم ہو، لیکن مقصد سے کچھ خالی نہیں، وقت کا ضیاع بھی تو ایک مقصد ہو سکتا ہے، پڑھنے اور لکھنے سے پہلے، یہ طے کرنا ضروری ہے کہ۔۔۔ کیوں؟

## 2

سادہ لکھنا سب سے مشکل کام ہے، عجیب گورکھ دھندہ ہے کہ کہ مشکل ہو تو پڑھنے والے کی سمجھ میں نہیں آتا اور بہت سادہ ہو جائے تو اپنے معنیٰ کھو دیتا ہے، طویل ہو تو پڑھنے والے کی پڑھتے ہوئے جان جاتی ہے، اور مختصر ہو تو بات ادھوری رہ جاتی ہے، کیا خیال ہے دوستوں! تحریر ہمارے اظہار کا ذریعہ ہوتی ہے تو کبھی یہ دوسروں کے جذبات سے کھیلنے کا فن اشتہارات اس فن کی معراج ہیں کہ ایک تیس سیکنڈ کے اشتہار میں نہ صرف اپنی بات مکمل طور پر بیان کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، بلکہ ناظرین کو اس پر مائل بھی کر لیتے ہیں کہ اپنا بٹوا نکالیں اور کمپنی کی مرضی سے خرچ کریں، یہ لکھنا کبھی تخلیق کہلاتا ہوگا، آج کے دور میں یہ کونٹینٹ رائٹنگ ہے، تحریر ہو یا تصویر، یا پھر کوئی اچھی فلم یا اشتہار سب کچھ کونٹینٹ ہے، اور اس کے تخلیق کرنے والے، کانٹینٹ رائٹر۔ ایک اچھا کارٹون ہو یا کوئی فلم، پہلے ایک لکھاری اس کا اسکرپٹ سوچتا اور لکھتا ہے تو بات آگے بڑھتی ہے، سنجیدہ لکھاری اس لکھنے سے ہزاروں لاکھوں روپے مہینہ کمارہے ہیں۔ چھوٹے اور بڑے تمام ہی ادارے اپنی ویب سائٹس کونٹینٹ اور اپنی مصنوعات کی مشہوری کے لئے بھی انہی کانٹینٹ رائٹر کا سہارا لیتے ہیں، صرف یہی نہیں بلکہ تعلیمی اداروں میں ہونے والی ریسرچ کے لئے بھی اس کام کا سیکھنا ضروری ہے، لکھنا آتا ہوگا تو ریسرچ پروپوزل لکھ سکیں گے، سروے فارم بنائیں گے اور ریسرچ تھیسس لکھ سکیں گے، پیٹنٹس لکھنے کا کام تو سب سے ہی منہگا ہے، امریکہ میں ایک اچھا پیٹینٹ رائٹر، 550 امریکی ڈالر فی گھنٹہ کے حساب سے پیسے لیتا ہے اپنے کام کے اگر آپ کو اپنے شعبے میں مہارت ہے اور لکھنے کا فن آتا ہے تو آپ بھی یہ کام بخوبی کر سکتے ہیں، ہماری کوشش ہے کہ اس فن میں مہارت حاصل کر لیں اور اپنے بچوں کو بھی سکھائیں۔ اپنے ارد گرد ایسے استاد و ماہرین فن تلاش کریں، جن کے ساتھ مل کر یہ کام بڑے پیمانے پر کیا جا سکے۔

FactLabUrdu 0313-0655080

3



# اپنی تحریر کی اصلاح کیسے کریں!

کسی مخصوص موضوع پر اپنی رائے دینے یا اس رائے کو کسی مضمون کی شکل میں لکھنے کا عمل "تحریر" کہلاتا ہے، تحریر جتنا پڑھنے میں آسان لگتی ہے اتنا ہی اس کی تخلیق اور تحریر مشکل ہوتی ہے، کہتے ہیں کہ انسان کا شوق سب کچھ کروا دیتا ہے، جن لوگوں میں لکھنے، پڑھنے اور اپنے خیالات کے اظہار کا ہنر اور شوق ہوتا ہے، وہ اپنے ان شوق کی تکمیل کے لئے کچھ نہ کچھ کرنے کا ہنر بھی جانتے ہیں، بولنے والا، بولتے بولتے تھک سکتا ہے مگر ایک لکھنے والے کا قلم کبھی نہیں رک سکتا اور نہ ہی تھک سکتا ہے، ویسے ہی ہر لکھنے والے کے الگ مسائل ہوتے ہیں، جیسے کہ کسی عنوان پر لکھنے کے لئے موضوع کا چننا، اس پر تحقیق کرنا، تحقیق کے بعد اس تحریر سے جڑے لوگوں کے جذبات و نتائج کے بارے میں سوچنا، سب سے اہم اس مضمون کو اتنا دلچسپ اور پر کشش رکھنا، کہ پڑھنے والا پڑھے بنا نہ رہ سکے، جس طرح لکھنے والے کا مزاج مختلف ہوتا ہے اسی طرح ہر پڑھنے والے کا مزاج بھی مختلف ہوتا ہے، کوئی فقاہیہ تحریر پڑھنا پسند کرتا ہے، کوئی سنجیدہ۔

اسی طرح تحریر، اخباری زبان میں آرٹیکل، تدریسی زبان میں مضمون لکھنے کی بہت سی اقسام ہوتی ہیں، جیسے کہ مذہبی اور معلوماتی آرٹیکل، تحقیقی آرٹیکل، کسی معاشرتی پہلو کی عکاسی کرنے کے لئے معاشرتی آرٹیکل، تعلیمی آرٹیکل، تفریحی آرٹیکل اور بلاگ دیگر ہر تحریر اپنے آپ میں کسی اہم پہلو پر روشنی ڈالنے کے لئے لکھی جاتی ہے، ایک آرٹیکل جو ادارتی صفحے پر مضمون کی شکل میں آپ سب کے سامنے آتا ہے اس کو لکھنے کے عمل سے لے کر ہر ایک چیز جیسے ریسرچ، سطر کی لکھائی، لفظوں کا توازن اور مناسب استعمال، ثلیس اور پر لطف طریقے سے قارئین تک اپنی بات کو پہچانا، چیدہ، چیدہ پہلوؤں کی منفرد انداز میں عکاسی اور بہت کچھ بحیثیت ایک قلم کار، کالم نگار، بلاگ رائٹر کو جن مسائل سے گزرنا ہوتا ہے اس کا ذکر کچھ یوں ہے، سب سے پہلے یہ جان لیجئیے کہ آرٹیکل یا تحریر یا کسی موضوع پر بلاگ رائٹنگ یا مضمون نگاری کیا ہوتی ہے! تحریر کو کس طرح معلوماتی سے مزین کیا جائے کہ وہ قارئین کے لئے کسی معلوماتی خزانے سے کم نہ ہو اور قارئین کا وقت بھی ضائع نہ ہو، آج کل "آن لائن لرننگ" یا "ویب سائٹ لرننگ جن کے پاس ہر مخصوص قارئین کے لئے پڑھنے کا مواد ہوتا ہے ہر کوئی کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کرنا چاہتا ہے، کسی کے پاس اخبار پڑھنے کا وقت نہیں پہلے آپ یہ سوچ لیں کہ کس طرح آپ اپنے قارئین کو اپنی تحریر کی جانب متوجہ کریں گے آپ اپنی تحریر میں ایسا کیا انداز اپنائیں گے جو آپ کی تحریر کو دوسروں سے مختلف کر دے گا! آپ کی برین اسٹرومنگ اس کام میں زیادہ معاون ثابت ہو گی، اس کے بعد آپ کا پہلا جواب ہو گا جی ہاں آپ کا اندازہ بالکل ٹھیک ہے آپ کی تحریر کا عنوان یا پھر ٹاپک جب آپ کسی بھی شعبہ عامہ کی عملی زندگی میں قدم رکھتے ہو تو اس جگہ آپ کو اپنی دھاک بٹھانے میں کافی مشکلات پیش آتی ہیں۔

مزید تفصیلات، اور کورس کرنے کے لیے واٹسپ پر رابطہ کریں، 0313-0655080



اس لیے سب سے پہلے اپنی توجہ اپنی تحریر کی جانب کیجئے کہ آپ کس بارے میں لکھنا چاہ رہے ہیں، جیسا کہ آپ جدید طریقہء تعلیم پر لکھنا چاہ رہے ہیں تو آپ سب سے پہلے اپنے ذہن میں یہ سوچ لیں کہ ان تمام اصطلاحات سے آپ کیا سوچتے اور سمجھتے ہیں، یا پھر ان تمام جدید باتوں کو آپ کس پیرائیے میں لیتے ہیں، اگر آپ مثبت پیرائیے میں لیتے ہیں تو مثبت لکھیں گے اگر منفی پیرائیے میں لیتے ہیں تو منفی لکھیں گے، ویسے ہمارے ملک میں بحیثیت مثبت، منفی تحریر زیادہ پڑھی جاتی ہے، کسی بھی تحریر کو منفی یا مثبت رخ دینا بھی رائٹر کا ہنر ہوتا ہے، اسی ہنر سے آپ کی پہچان بنتی ہے،

**موضوع کا چناو:** تحریر کے لئے قلم اور کاغذ کے علاوہ جو چیز سب سے اہم ہوتی ہے وہ ہے اس کا موضوع اور نئی سوچ وجذبہ جس کے تحت آپ اپنے قارئین کو قائل کرتے ہیں، یاد رکھیں موضوع صرف ایک موضوع نہیں ہوتا یہ ایک سوچ ہوتی ہے جس سے آپ کی شخصیت آپ کے قارئین کے سامنے بن رہی ہوتی ہے، آپ اپنے سامنے موجود شخص کی شخصیت کا اندازہ اس کے وجود سے لگا سکتے ہیں مگر وہ شخص جو آپ کے سامنے نہیں بلکہ اس کے خیالات سے اس کی پہچان بنی ہے تو یہ قدرے مختلف مرحلہ آجاتا ہے، آپ کا موضوع جو بھی ہو اس سے کون سے قارئین مستفید ہوں گے! مثلاً اگر آپ بچوں کے بارے میں لکھ رہے ہیں تو اس کو منفی کم اور معلوماتی زیادہ رکھنا ہوگا، اگر نوجوانوں کے لئے ہے تو مثبت اور منفی دونوں کا موازنہ رکھنا ہوگا، اور معلومات کے ذخیرے کے بنا تو یہ تحریر یا مضمون نامکمل ہی ہوگا معلومات کے ذخیرے سے مراد کہ یہ کب کہاں کیسے! کیوں اور کس لیے بنائی گئی اس کے نتائج کیا ہوں گے وغیرہ، وغیرہ۔

**تحقیق کا عمل:** یہ ایک مشکل عمل ہوتا ہے تقریباً دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف مگر ناممکن نہیں، موضوع پر تحقیق سے مراد آپ نے کن ذرائع سے اپنے مضمون کے لئے مواد لیا ہے، تحقیقاتی ویب سائٹ کا حوالہ دینا بھی ضروری ہے، آپ کی ریسرچ کا ایک ایک نقطہ بھی اہم ہوتا ہے ریسرچ سے مراد یہ نہیں کہ ریسرچ کے نام پر پورے پورے کتابچے بحوالہ تحریر کر دیئے جائیں، یاد رکھیں جتنی ضرورت ہو اتنا ہی مواد استعمال کریں ورنہ تحریر آپ کی نہیں بلکہ ریسرچر کی ہو جائے اور آپ کاپی رائٹ کے جرم کے مرتکب بھی ہو جائیں گے،

**الفاظ کا چناو یا جملوں میں ربط:** جب بھی ہم کوئی بھی تحریر لکھتے ہیں تو ہم کچھ دیر ٹھہرنے کے بعد جو بھی پہلا لفظ لکھتے ہیں وہ منفی ہوتا ہے یاد رکھیں منفی سوچ کو تقویت جلدی ضرور ملتی ہے مگر اس کی کوئی عزت نہیں ہوتی، ہم اکثر اوقات ٹی وی پر خبریں دیکھتے ہیں اور جلد ہی چینل سوئچ بھی کر دیتے ہیں اس کی ایک انتہائی چھوٹی سی وجہ ہوتی ہے کہ اینکر نے غلط اردو کا استعمال کیا ہوتا ہے اسی طرح تحریر میں بھی ایک غلط لفظ قارئین کو تحریر سوئچ کرنے کی جانب راغب کر سکتا ہے، اس لیے اپنی تحریر کے لئے مثبت اور آسان الفاظ کا انتخاب کریں خاص طور پر املا کا بہت خیال رکھیں، اپنی تحریر کے سطروں میں ربط رکھیں سطروں میں لچک سے ہی تحریر دلچسپ ہوتی ہے، اگر یہ دونوں آگے پیچھے ہوں گی تو تحریر کا مقصد دم توڑ دے گا، اگر آپ کی تحریر میں اعداد و شمار زیادہ ہیں تو اس میں اعداد کی عکاسی بالکل درست کریں ورنہ غلط معلومات جانا بھی مشکلات کا باعث بن جاتا ہے۔

0313-0655080

## 7

تحریر تو کیا ہر جگہ اگر ہم عملی زندگی میں بھی دیکھیں تو الفاظ کے ہیر پھیر سے کافی نقصان اٹھانا پڑ جاتا ہے، کسی کے جذبات کو مجروح کیے بنا اپنی بات کو کہہ دینا ہی اصل آرٹیکل رائٹنگ کا جزو ہے،

**حرف کل ختم شد:** یہاں حرف کل سے تحریر کا نتیجہ ہے، بحیثیت ایک مضمون نگار آپ نے اس موضوع کو اپنے لیے کیسا پایا! اس موضوع پر تحقیق کر کے آپ کیا نتیجہ دنیا کو پہچانا چاہتے ہیں کم الفاظ میں اپنی تحریر کا نتیجہ دنیا کو بتا دیں، ہر چیز میں کوئی نہ کوئی ایسا نقطہ ضرور ہوتا ہے جو آپ کو اس علم تک لے جاتا ہے، وہ علم پڑھائی ہی ہوتا ہے، کوشش کریں کہ مثبت نتیجہ دیں کیونکہ لوگ زیادہ تر پڑھ کر ہی کسی موضوع پر نتیجہ نکالتے ہیں کیونکہ کسی بھی بات کی تہہ تک جانا ہر کسی کے بس کی بات نہیں اپنی تحریر کا اختتام مثبت بات سے کریں، آپ چاہے کہیں بھی تحریر کریں پرنٹ میڈیا ہو یا الیکٹرونک میڈیا کسی اخبار میں ادارتی صفحے کے لئے کام کریں یا پھر کسی چینل میں ریسرچ یا پھر کونٹینٹ، اسکرپٹ رائٹر کے طور پر کام کریں فیسبک پیج پر یا ویب سائیٹ پر لکھیں ہر دور میں ہر جگہ یہی عوامل ہی آپ کی تحریر کو بہتر بنائیں گے، اس لیے اپنے نام اور اپنے کام کے ساتھ انصاف کیجئے ہر اصلاحی عمل شروع شروع میں انتہائی مشکل ہوتا ہے مگر اس تکلیف کے بعد آپ کو جو راحت ملتی ہے اس کا اندازہ آپ کو اپنی اصلاح کے بعد ہی ہو گا۔

FactLabUrdu 0313-0655080

# 8



## کونٹینٹ رائٹنگ سے گھر بیٹھے کمائی کرنا!

انٹرنیٹ پر مختلف نوعیت کی ایسی کئی ویب سائٹس موجود ہیں جن پر ہر روز لاکھوں کی تعداد میں قارئین آتے ہیں، ان ویب سائٹس میں منفرد و عجیب خبریں، صحت و فٹنس، کارآمد مشورے اور تراکیب سے آگاہ کرنے والی ویب سائٹس ایسی ہیں جنہیں اپنے قارئین کے سامنے پیش کرنے کے لیے ہر وقت نئی اور دلچسپ معلومات درکار ہوتی ہیں، یہ اس لیے ضروری ہے تاکہ وزیٹرز کی تعداد میں کمی نہ ہو، اور وہ اس ویب سائٹ پر زیادہ سے زیادہ وقت صرف کریں، لہٰذا تمام ہی ویب سائٹس کو ایسے افراد کی تلاش ہوتی ہے جو ان کے لیے معیاری مواد تیار کر سکیں، ایسے دلچسپ مضامین تحریر کرنے کو 'کونٹینٹ رائٹنگ' کہا جاتا ہے، ایسے افراد کو ویب سائٹ مالکان اچھا معاوضہ دیتے ہیں، دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی کونٹینٹ رائٹنگ کا کام فل ٹائم نوکری اور بطور فری لانسر، دونوں طرح سے ہوتا ہے، جیسا کہ میں اس وقت بہت سی ویب سائیٹس پر پیڈ کونٹینٹ لکھتا ہوں۔

## کونٹینٹ رائٹر کرتے کیا ہیں!

کونٹینٹ رائٹر ایسے شخص کو کہتے ہیں جو کسی ویب سائٹ کے تھیم کے مطابق تحاریر تیار کرنے میں مہارت رکھتا ہو، ہر ویب سائٹ اپنا ایک مخصوص حلقہ ء قارئین رکھتی ہے، اس لیے کونٹینٹ رائٹر کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اپنے قارئین کی دلچسپی اور فرمائش کے مطابق مواد تیار کرے، ویب سائٹس کے قارئین کی زیادہ تعداد سرچ انجنز (گوگل وغیرہ) سے آتی ہے، اس لیے کونٹینٹ رائٹر کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ وہ مضمون / مواد کو اس طرح ترتیب دے، جس سے وہ سرچ انجنز میں واضح طور پر نظر آئے تاکہ قارئین کی تعداد میں اضافہ ہو، اس مقصد کے لیے مواد کے مطابق کی ورڈز (کلیدی الفاظ) پر خاص توجہ دی جاتی۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu کی ملکیت ہے ... سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے! 0313-0655080

## رائٹر کی تنخواہ کتنی ہوتی ہے!

پاکستان میں فل ٹائم جاب کی صورت میں اس کی تنخواہ 18 سے 20 ہزار روپے ماہانہ سے شروع ہوتی ہے، ایسے افراد جو انگریزی مضمون نگاری اور اس فن میں مہارت رکھتے ہوں، ان کے لیے مواقع ہر وقت موجود ہیں، کونٹینٹ رائٹنگ کو پارٹ ٹائم یا گھر بیٹھے / فری لانسنگ کے طور پر بھی کیا جاسکتا ہے اس کا مشاہدہ ماہانہ کے بجائے فی لفظ یا فی مضمون ہوتا ہے اس وقت بین الاقوامی کلائنٹس ایک مضمون کا معاوضہ پانچ ڈالر سے 150 ڈالر تک ادا کر رہے ہیں، خیال رہے کہ فری لانسرز کا زیادہ تر کام بیرون ممالک سے آتا ہے، اور فل ٹائم کام کرنے سے یہ کہیں زیادہ بہتر ہے۔

10

## کونٹینٹ رائٹنگ اور پرنٹ میڈیا رائٹنگ میں فرق کیا ہے!

روایتی پرنٹ اخبارات و میگزین میں مضمون نگاری، کالم نگاری، فیچر اسٹوری وغیرہ کے کام اور کونٹینٹ رائٹنگ ویسے تو تقریباً یکساں نوعیت کے ہی ہیں، لیکن چونکہ دونوں کا میڈیئم (اظہار کا طریقہ) مختلف ہیں، اس لیے ان دونوں میں کچھ فرق ہیں، آن لائن قارئین زیادہ باریکی سے مضمون کا مطالعہ کرتے ہیں، آن لائن مضامین زیادہ طویل نہیں ہوتے، کسی واقعے / خبر / مضمون کو دوبار لکھنے کے بجائے اس مضمون کا لنک دیا جاتا ہے۔ پیراگراف مختصر اور مضمون مختلف حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

## کونٹینٹ رائٹنگ میں کن چیزوں کو مد نظر رکھنا ضروری ہے!

وہ بنیادی نقاط (زبان، طرزِ تحریر، گرامر وغیرہ) جو مضمون نویسی کے لیے ضروری ہیں، ان کا خیال لازمی کریں سب سے زیادہ معاوضہ انہی مضامین کا ملتا ہے، جو زبان و بیان کی غلطیوں سے پاک ہوں، ویب سائٹس پر لوگ چونکہ زیادہ تر ٹھہرتے نہیں، اس لیے بہت ضروری ہے کہ آپ کا مضمون مختصر اور جامع ہو عموماً قارئین پانچ سو سے ایک ہزار تک کے الفاظ پر مشتمل مضمون زیادہ پڑھتے ہیں۔ اگر مضمون اس سے تھوڑا بھی زیادہ طویل ہوا تو عین ممکن ہے کہ اسے مکمل پڑھنے والے افراد انگلیوں پر گننے جتنے ہی ہوں گے، اور ہاں کبھی بھی کسی دوسرے کا مواد اس کی اجازت کے بغیر اپنے مضمون میں شامل نہ کریں، ایک تو یہ غیر اخلاقی حرکت ہے، دوسرا یہ حقوق دانش (کاپی رائٹ) کی خلاف ورزی ہے۔ یہ خیال رہے کہ اس طرح کی حرکت زیادہ چھپ نہیں سکتی اشتہار دینے والی کمپنیاں اور سرچ انجن با آسانی اس کا پتہ لگالیتے ہیں اور اس ویب سائٹ یا پیج کو منفی درجہ دے دیتے ہیں۔

0313-0655080

## کون کون سی مہارتیں درکار ہیں!

کونٹینٹ رائٹنگ کا کام بنیادی طور پر دماغی کام ہے، اس کے لیے بہت زیادہ فنی مہارتوں کی ضرورت نہیں، اس شعبے میں کامیابی کے لیے صرف اور صرف آپ کی تحریر میں جان ہونی چاہیے، جس کے لیے وسیع مطالعہ اور فکر میں پختگی لازمی ہے، کونٹینٹ رائٹنگ کے لیے آپ کو کمپوزنگ آنی چاہے کیونکہ ہاتھ سے لکھی تحریریں آن لائن قبول نہیں کی جاتیں اس کے علاوہ آپ کو کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کے بنیادی فنی امور سے آگاہی ہونی چاہیے، جس میں سرچ انجنز اور سوشل میڈیا کا مؤثر استعمال شامل ہے۔

## کونٹینٹ رائٹنگ کا کام کہاں سے ملے گا!

یہ کتاب ... پیج کی ... 0313-0655080

اگر آپ کو کونٹینٹ رائٹر کی جاب کی تلاش ہے تو اخبارات اور جاب ویب سائٹس کی طرف توجہ دیں۔ ویسے کونٹینٹ رائٹنگ کا زیادہ تر کام بطور فری لانسر ہوتا ہے، یعنی آپ کسی آفس میں جانے کے بجائے اپنے گھر میں بیٹھ کر کام کرتے ہیں، پاکستان کے اندر اور بیرون ممالک میں کونٹینٹ رائٹنگ کی کافی طلب ہے۔ اس وقت نہ صرف پاکستان بلکہ ہندوستان اور بنگلہ دیش سمیت دنیا بھر میں ہزاروں کی تعداد میں خواتین و حضرات اس شعبہ سے وابستہ ہیں اور اپنی صلاحیت اور تجربے کی بنیاد پر ہر ماہ سینکڑوں سے ہزاروں ڈالرز کما رہے ہیں فری لانس کام کی تلاش کے دو طریقے ہیں۔ پہلا انفرادی، اس کے لیے آپ اپنی پسند کا کچھ مواد تیار کریں اور اس کو کسی فری بلاگ سائٹ پر پوسٹ کریں اس کے بعد آپ اپنے مطلب کی سائٹس سے رابطہ کریں انہیں اپنے کام کا نمونہ بلاگ کے لنک کی صورت میں پیش کریں۔

اس کے علاوہ مڈل مین ویب سائٹس کے ذریعے بھی کام تلاش کیا جاسکتا ہے۔ یہ ویب سائٹس کام فراہم کرنے اور کام کرنے والے، دونوں ہی فریقوں سے کام مکمل ہونے کے بعد بل میں سے اپنا کمیشن وصول کرتی ہیں، لیکن ان کی سروس اتنی شاندار ہے کہ ان کا کمیشن ادا کرتے ہوئے خوشی ہوتی ہے۔ اپ ورک، ای لانس، اوڈیسک، گرو، فری لانسر، 99ڈیزائنز، اور مائیکرو ورکرز اس طرح کی مشہور ویب سائٹس ہیں

## کونٹینٹ رائٹنگ کہاں سے سیکھیں!

کونٹینٹ رائٹنگ کا فن بنیادی طور پر مضمون نگاری ہی ہے، اور اگر آپ کو مضمون نگاری میں مہارت ہے تو آپ کو صرف کچھ ہی امور سے آگاہی کی ضرورت ہے، اس موضوع پر یوٹیوب پر بے شمار ویڈیوز دستیاب ہیں، جبکہ فیچر رائٹنگ کے موضوع پر ورچوئل یونیورسٹی پاکستان کا کورس مفت آن لائن دستیاب ہے، جو تمام چیزیں فیچر رائٹنگ کے لیے ضروری ہیں، وہی چیزیں کونٹینٹ رائٹنگ کے لیے بھی ضروری ہیں، اس کورس پر وقت صرف کرنے سے آپ کی صلاحیت میں نکھار آسکتا ہے، صرف یہی نہیں، بلکہ انٹرنیٹ پر اس حوالے سے اور بھی زیادہ معلومات دستیاب ہیں جن کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ بھی کونٹینٹ رائٹنگ کے ذریعے گھر بیٹھے معقول آمدنی حاصل کرسکتے ہیں، اگر آپ مجھ سے کونٹینٹ رائٹنگ کا کورس سیکھنا چاہتے ہیں صرف معقول فیس ادا کرکے سیکھ سکتے ہیں، جس میں آپ کو تمام طریقے ارننگ کرنے کے پلیٹ فارم فراہم کیے جائیں گے۔

واٹسپ پر رابطہ کرسکتے:

0313-0655080

13



## کونٹینٹ رائٹنگ کی اہم اصناف کون سی ہیں!

کونٹینٹ رائٹنگ میں لکھا جانے والا مواد اپنے مقصد اور بیان کے انداز کے لحاظ سے مختلف ہوتا ہے، اس لیے اس کو لکھنے کا طریقہ اور اس کی ساخت بھی مختلف ہوتے ہیں۔ اسی بنیاد پر کونٹینٹ رائٹنگ کی مختلف اصناف (genres) ہے، جن کا ہم اس کتاب میں ذکر کریں گے۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر جرم ہے!
0313-0655080

### بلاگ

بلاگ ایک ایسی تحریر ہے جس میں معلومات کو غیر رسمی (informal) انداز میں بیان کیا جاتا ہے، یہ صرف ایک تحریر کی صورت میں بھی ہو سکتا ہے جس کو روزانہ کی بنیاد پر کسی ویب سائٹ پر شائع کیا جاتا ہے، اس کے علاوہ یہ ایک مکمل ویب سائٹ کی شکل میں بھی ہو سکتا ہے، ایسی ویب سائٹ مکمل یا بنیادی طور بلاگ (blog) کے لیے استعمال ہوتی ہے، جہاں تک معلومات کا تعلق ہے تو یہ کسی بھی قسم کی اور کسی بھی چیز کے بارے میں ہو سکتی ہے، اسی بنیاد پر بلاگ کی مختلف اقسام ہوتی ہیں۔

جیسا کہ:

پرسنل بلاگ (PersonalBlog)

پروفیشنل بلاگ (ProfessionalBlog)

فیشن بلاگ (FashionBlog)

لائف سٹائل بلاگ (LifeStyleBlog)

ٹریول بلاگ (TravelBlog)

فوڈ بلاگ (FoodBlog)

ملٹی میڈیا بلاگ (MultimediaBlog)

نیوز بلاگ (NewsBlog)

جنرل نالج بلاگ GeneralknowledgeBlog

یہ کتاب FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے۔ کتاب کو کاپی اور پیسٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

بلاگ (blog) کو مصنوعات (products) کے حوالے سے معلومات لوگوں تک پہنچانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے، بلاگ کے عموماً درج ذیل بنیادی مقاصد ہوتے ہیں:

معلومات پہنچانا

ویب سائٹ کو اپ ڈیٹ کرنا

کاروبار کو فروغ دینا

پیسہ کمانا

## آرٹیکلز

آرٹیکل ایک ایسی تحریر ہوتی ہے جس کا بنیادی مقصد کسی چیز یا واقعہ کے حوالے سے لوگوں کی رہنمائی کرنا ہوتا ہے۔ یہ آف لائن اور آن لائن دونوں شکلوں میں شائع ہو سکتی ہے۔ آرٹیکل کو خاص طور پر کسی مقصد کے لیے لکھا جاتا ہے، جیسے کہ: خبر پہنچانا دنیا کو یا لوگوں کی سوچ کو بدلنا تحقیق کرنا پیسہ کمانا ان مقاصد کو پورا کرنے کے لیے ایک آرٹیکل میں درج ذیل چیزیں موجود ہو سکتی ہیں: چیزوں، لوگوں، جگہوں یا واقعات سے متعلق معلومات حقائق، اعداد و شمار، تبصرہ، تجزیہ، مباحثہ آرٹیکل تحریر کی ایک وسیع قسم ہے جس میں کئی طرح کی بلکہ تقریباً ہر طرح کی تحاریر شامل ہوتی ہیں، مثال کے طور پر: نیوز آرٹیکل، مارکیٹنگ آرٹیکل، اکیڈمک پیپر، بلاگ، مضمون

## کاپی / سیلز کاپی

اس کا شمار مارکیٹنگ (marketing) کے لیے استعمال کیے جانے والے مواد میں ہوتا ہے، کاپی یا سیلز کاپی ایسی مختصر اور جامع تحریر ہوتی ہے جس کا مقصد لوگوں کو متوجہ کرنا ہوتا ہے متوجہ کرنے کی اصل وجہ لوگوں کو متوقع ردِ عمل دینے کی طرف راغب کرنا ہوتا ہے، آپ اس تحریر میں اپنی مصنوعات (product) یا خدمات (servicess) کے بارے میں بتاتے ہیں لیکن یہ معلومات لوگوں کی دلچسپی، فائدے اور متوقع نقصان کو بیان کرتے ہوئے دی جاتی ہے، اس کو ان اہم پوائنٹس سے سمجھا جا سکتا ہے جو کاپی (copy) بناتے ہوئے مدِ نظر رکھے جاتے ہیں:

مختصر اور جامع ہونی چاہیے۔

اس میں مصنوعات (product) یا خدمات (services) سے متعلق مکمل اور بنیادی معلومات ہونی چاہیے۔

یہ آپ کے برانڈ کو ظاہر کرتی ہو۔

یہ قارئین کو متوجہ کرنے والی ہو۔

تحریر کا انداز دلچسپ ہو۔

قارئین اس کو پڑھ کر متوقع ردِّ عمل کا اظہار کریں۔

یہ ایس ای او (SEO) کا خیال رکھ بنائی گئی ہو، کاپی (copy) بنانے کا عمل کاپی رائٹنگ (copywriting) کہلاتا ہے۔ کاپی رائٹنگ (copywriting) بیسویں صدی میں شروع کی گئی تھی۔ تب اس تحریر کو جو قارئین کو متوجہ کرنے کی صلاحیت رکھتی تھی میگزین یا اخبار میں چھاپ (print) دیا جاتا تھا۔ اس میں چونکہ تحریر کو کاپی (copy) کیا جاتا تھا اس لیے اب یہ کاپی (copy) کے نام سے جانی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں سیلز کاپی (sales copy) کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے یعنی سیلز (sales) کے لیے استعمال کی جانے والی کاپی (copy)۔ اس کو مختلف جگہوں پر استعمال کیا جاتا ہے، جیسے کہ:

اشتہارات، ویب پیجز، براوزر، وائٹ پیپرز، ای میلز

# مصنوعات کی تفصیلات!

مصنوعات کی تفصیل یعنی پروڈکٹ ڈسکرپشن (productdescription) میں مصنوعات (product) اور اس کی فروخت سے متعلق معلومات دی جاتی ہیں۔ کاپی کی طرح اس کا شمار بھی ایسے مواد میں میں ہوتا ہے جو مارکیٹنگ (marketing) میں استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن کاپی (copy) کی نسبت اس میں تفصیلی تحریر لکھی جاتی ہے۔ اس تحریر میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہوتی ہیں۔

کاپی (Copy)

مصنوعات (Product) یا خدمات (Services) کی تفصیلات

اس کے فائدے

وہ مسائل جن کو یہ حل کرتی ہیں

برانڈ کے بارے میں متعلقہ اور ضروری معلومات

پیج یا ویب سائٹ کا لنک

متعلقہ تصویر یا ویڈیو

مصنوعات کی تفصیل (productdescription) لکھتے ہوئے اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ مکمل متعلقہ معلومات مہیا کر دی جائے۔ اور یہ بھی کہ تحریر کا انداز پرکشش ہو۔ تاکہ لوگوں کو متوجہ کر سکے۔

**18**

# اشتہارات!

اشتہارات (advertisements) میں موجود تحریر کو مارکیٹینگ (marketing) کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں مصنوعات، خدمات، تقریب، یا جاب کی آسامی سے متعلق معلومات دی جاتی ہیں۔ اس کا مقصد عام عوام تک یہ معلومات پہنچانا ہوتا ہے۔ یہ درج ذیل پلیٹ فارمز کے ذریعے لوگوں تک پہنچایا جا سکتا ہے:

میگزین

اخبار

ٹیلی وژن

ای میل (Email)

فیس بک (Facebook)

یوٹیوب (YouTube)

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی ویب سائٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے! 0313-0655080

اشتہارات (advertisements) مارکیٹنگ (marketing) کا ایسا طریقہ ہیں جن میں معلومات کو عوام تک پہنچانے کے لیے رقم ادا کی جاتی ہے۔ اس میں کاپی (copyy) کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد بھی عوام کو دی جانے والی خبر کی طرف متوجہ کرنا ہوتا ہے۔ لہٰذا اس کا انداز بھی دلچسپ ہوتا ہے۔



## کونٹینٹ رائٹنگ کی اقسام!

کونٹینٹ رائٹنگ (contentwriting) کو مختلف مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور اسی بنیاد پر تحریر کا انداز بھی مختلف ہوتا ہے۔ اسی لحاظ سے اس کی مختلف اقسام ہیں۔

FactLabUrdu
0313-0655080

## کریٹیو رائٹنگ

کریٹیو رائٹنگ (creativewriting) کونٹینٹ رائٹنگ کی ایک ایسی قسم ہے جس میں آپ اپنے خیالات کا اظہار منفرد انداز میں کرتے ہیں اس میں آپ تصوراتی چیزیں (fiction) لکھتے ہیں۔ جیسے کہ:

شاعری

ناول

تقریر

## فیچر رائٹنگ

فیچر رائٹنگ (Feature Writing) میں لکھے جانے والا مواد غیر تصوراتی (non-fiction) اور رائے کے بغیر (non-opinion) ہوتا ہے۔ اس میں دی جانے والی معلومات لوگوں، جگہوں، چیزوں اور زندگی سے متعلق ہوتی ہے۔ جیسے کہ:

سپاٹ فیچر

نیوز فیچر

ایسی کہانیاں جن میں لوگوں کا رجحان شامل ہوتا ہے

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب ... سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے! 0313-0655080

## اکیڈمک رائٹنگ

اکیڈمک رائٹنگ (Academic Writing) میں تعلیم سے متعلق مواد شامل ہے۔ اس کا مقصد لوگوں تک رائے، معلومات، اور تحقیقات پہنچانا ہوتا ہے۔ اس میں لکھی جانے والی معلومات سائنسی لحاظ سے ثابت شدہ ہوتی ہیں۔ جیسے کہ:

مضامین

ریسرچ پیپرز

رپورٹس

## گھوسٹ رائٹنگ

گھوسٹ رائٹنگ (Ghost Writing) میں مواد لکھاری کے اپنے نام سے نہیں شائع کیا جاتا بلکہ یہ عموماً ویب سائٹ یا میگزین کے مصنف کے نام سے شائع کیا جاتا ہے۔ اس میں ہر طرح کا مواد شامل ہے۔

## ایڈیٹوریل رائٹنگ

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے ... تشہیر کرنا جرم ہے! 0313-0655080

ایڈیٹوریل رائٹنگ (Editorial Writing) میں کسی پہلے سے لکھی گئی تحریر پر تبصرہ کیا جاتا ہے۔ یعنی اس میں رائے پر مبنی مضامین لکھے جاتے ہیں۔

## یو-ایکس رائٹنگ

یو-ایکس رائٹنگ (UX Writing) یا یوزر ایکسپیرینس رائٹنگ (User Experience Writing) میں ایسا مواد لکھا جاتا ہے جس کا مقصد صارف (userr) کو پروڈکٹ، ایپ یا ویب سائٹ سے متعلق ہدایات دینا ہوتا ہے۔ اس میں متن (text) کو مختصر، جامع اور پر کشش رکھا جاتا ہے۔

## ٹیکنیکل رائٹنگ

ٹیکنیکل رائٹنگ (Technical Writing) رابطے کا ایسا طریقہ ہے جس میں لوگوں تک مصنوعات (product) کے حوالے سے مکمل معلومات آسان انداز میں پہنچائی جاتی ہے۔
اس میں مصنوعات (product) سے متعلق تفصیل میں لکھا جاتا ہے۔ جیسے کہ:

وائٹ پیپر
یوزر مینیوئل
سروس لیگل ایگریمنٹ

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی

## ایس ای او کونٹینٹ رائٹنگ

0313-0655080

ایس ای او کونٹینٹ رائٹنگ (SEO Content Writing) میں مواد لکھتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھا جاتا ہے کہ لوگوں تک اس کی رسائی زیادہ زیادہ ہو۔ اور ویب براؤزرز ویب سائٹس کی رینکنگ کرتے ہوئے اس کو پہلے نمبروں پر رکھیں۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے ایسے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں جن کو لوگ سرچ انجنز پر بہت زیادہ تلاش کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر طریقہ کار بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔

## پریس ریلیز رائٹنگ

پریس ریلیز رائٹنگ (PressRelease Writing) میں ایسا مواد شامل ہے جس کو سرکاری طور شائع کیا جاتا ہے اور اس میں کسی ہونے والے واقعہ یا مارکیٹ میں آنے والی مصنوعات (product) کے حوالے سے مطلع کیا جاتا ہے۔

## مارکیٹنگ کے لیے استعمال ہونے والا کونٹینٹ!

کونٹینٹ رائٹنگ کو مارکیٹنگ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد مصنوعات کا زیادہ سے زیادہ عوام تک پہنچانا اور لوگوں کو اس جانب متوجہ کرنا ہوتا ہے۔ اس میں یہ چیزیں شامل ہیں: کاپی رائٹنگ (Copywriting)

مصنوعات کی تفصیل

اشتہارات کا متن

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!

## بلاگ اور آرٹیکل رائٹنگ!

ان کا متن لوگوں کے لیے معلومات اور تفریح دونوں کا ذریعہ ہیں۔ ان میں ہر طرح کی معلومات دی جا سکتی ہے۔ کچھ بلاگز (blogs) ایسے بھی ہوتے ہیں جن میں بلاگر (blogger) اپنے آپ سے متعلق روزانہ کی خبریں لوگوں تک پہنچاتا ہے۔

کونٹینٹ رائٹنگ (contentwriting) لوگوں تک معلومات پہنچانے کا طریقہ ہے اسی لیے اس کا استعمال تقریباً ہر شعبے میں ناگزیر ہے۔ اور اس کی ڈیمانڈ بھی بہت ہے۔



## کونٹینٹ رائٹنگ سے پیسہ کمانے کے لئے مختلف پلیٹ فارمز

ایک اچھے پورٹ فولیو کے ساتھ اگلا مرحلہ اپنے ممکنہ یا متوقع کلائنٹس کو کام دینے کی درخواست بھیجنا ہے جو آپ کی خدمات کا معاوضہ دیں گے، فری لانسنگ پلیٹ فارم ایک رائٹر اور کلائنٹس (کام دینے والا) کا آپس میں رابطہ کروانے میں مدد دیتے ہیں، یہ پلیٹ فارم کسی خاص نیش سے مخصوص بھی ہوسکتے ہیں اور عمومی نوعیت کے فری لانس کاموں سے متعلق بھی۔ البتہ فری لانسنگ کی بیشتر ویب سائٹس پر بیشتر کاموں کو موضوع اور رائٹر کی مہارت کی سطح کے اعتبار سے گروپوں میں ترتیب دے کر رکھا گیا ہے ہوتا ہے، آن لائن فری لانس رائٹنگ کے میدان میں کون کون سی ویب سائٹس آپ کے لیے کارآمد ثابت ہوسکتی ہیں، آپ ان ویب سائٹس پر آسانی سے رجسٹرڈ ہوکر اپنے اکاؤنٹ کی تشہیر کرسکتے ہیں، اور روزانہ کی بنیاد پر بہت سارے کسٹمرز حاصل کرسکتے ہیں جو آپ سے مختلف کیٹیگری کا مواد لکھواسکتے ہیں، جن کے بدلے آپ ان سے اچھی خاصی کمائی کر سکتے ہیں، مندرجہ ذیل میں کچھ مشہور ویب سائٹس کا ذکر کریں گے۔

# اپ ورک (Upwork)

پہلے یہ ویب سائٹ "اوڈیسک" (Odesk) کہلاتی تھی لیکن گزشتہ چند سالوں سے اس کا نام تبدیل کر کے "اپ ورک" کر دیا گیا ہے، اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اپ ورک ان مقبول ترین ویب سائٹس میں سے ایک ہے جہاں فری لانس رائٹرز اپنے ہنر سے مسلسل اور اچھے پیسے کما سکتے ہیں، یہ ایک آن لائن بازار ہے جہاں فری لانس رائٹرز، کونٹینٹ مارکیٹنگ کے ماہرین اور گرافک ڈیزائنروں کے لیے بہت سارا کام موجود ہے مختلف کلائنٹس اپنے کام یہاں رکھتے ہیں، جو وہ فری لانسرز سے کروانا چاہتے ہیں فری لانس رائٹرز اپنے اپنے حساب سے ان کاموں کی بولی لگاتے ہیں، یہ کام جنہیں فری لانسنگ کی دنیا میں "پروجیکٹس" کہا جاتا ہے فوری نوعیت کے بھی ہوسکتے ہیں اور طویل مدتی بھی تجربہ کار افراد کے لیے اپ ورک زیادہ مفید رہتی ہے کیونکہ یہاں کئے گئے کام کی معلومات بھی موجود ہوتی ہیں جنہیں دیکھتے ہوئے کلائنٹس عام طور پر اسی فری لانسر سے بات کرتے ہیں جس کی ساکھ یہاں پر اچھی ہوتا ہم اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ اگر آپ نئے اور ناتجرہ کار ہیں تو اس ویب سائٹ کا رخ ہی نہ کریں۔ شروع میں آپ کو چھوٹا اور کم معاوضے والا کام ملے گا۔ پوری محنت اور دیانتداری سے وہ کام کیجیے، رفتہ رفتہ اپنی ساکھ بنایئے یوں کچھ عرصہ بعد آپ کا شمار بھی اپ ورک کے تجربہ کار اور ماہر فری لانسرز میں ہونے لگے گا، یہاں آپ سے مختلف قسم کے ویب سائٹس اور یوٹیوب مالکان مختلف طرز کا کونٹینٹ لکھوا سکتے ہیں۔

FactLabUrdu
0313-0655080

## آئی رائٹر (iWriter)

فری لانس رائٹرز کو بہترین معاوضہ دینے والی ویب سائٹس میں سے ایک نام "آئی رائٹر" کا بھی ہے تاہم یہ اپ ورک جتنی مقبول نہیں۔ یہ استعمال میں بھی بہت آسان ہے یہاں سے بھی آپ کو کلائنٹس مل سکتے ہیں، آئی رائٹر کا حصہ بننے کے لیے آپ کو ایک سادہ فارم بھرنا ہو گا اور پھر 250 الفاظ پر مشتمل، دو عدد تحریری نمونے بھی جمع کروانے ہوں گے، اپ ورک کی طرح یہاں بھی شروع میں آپ کو تحریروں کا معاوضہ خاصا کم ملے گا یعنی ایسے کلائنٹس ملیں گے جو کم معاوضہ پر کام کروانا چاہیں گے، البتہ معاوضے کی پروا کئے بغیر آپ اپنا کام خوب سے خوب تر انداز میں کرتے چلے جائیں جس کے بعد آپ کو بہتر معاوضہ دینے والے کلائنٹس ملنے لگیں گے اور آپ کی آمدنی میں بھی اضافہ ہونے لگے گا، اس ویب سائٹ پر اپنا اکاؤنٹ بنائیں اور اچھے خاصے کسٹمرز حاصل کریں۔

## فلیکس جابز (FlexJobs)

یہ بھی ایک اچھا پلیٹ فارم ہے جو پیشہ ور لکھاریوں یعنی پروفیشنل رائٹرز میں بہت مقبول ہے، یہاں سے آپ کو روایتی اور جدید، دونوں انداز کا کام ملتا ہے لیکن خاص بات یہ ہے کہ اس ویب سائٹس پر کام دینے والے تمام کلائنٹس تصدیق شدہ ہوتے ہیں، یہی اس پلیٹ فارم کا سب سے مضبوط پہلو بھی ہے کیونکہ یہ صرف رائٹرز ہی کا نہیں بلکہ کام دینے والوں کا انتخاب بھی بہت احتیاط سے اور چھان پھٹک کے بعد ہی کرتے ہیں۔ البتہ اگر آپ نئے ہیں تو مناسب ہو گا کہ پہلے بتائی گئی دونوں ویب سائٹس کے ذریعے اپنی مہارت میں اضافہ کر لیجئے اس کے بعد فلیکس جابز پر خود رجسٹر کروایئے گا۔

مزید تفصیلات، اور کورس کرنے کے لیے واٹسپ پر رابطہ کریں، 0313-0655080



## بلاگنگ پرو (Blogging Pro)

جیسا کہ اس ویب سائٹ کے نام ہی سے ظاہر ہے یہاں آپ کو صرف بلاگنگ ہی سے متعلق فری لانسنگ کا کام ملے گا جو مختلف قسم کے کاروباری اداروں یا افراد کی طرف سے ہو گا، اگر اس پلیٹ فارم پر کام کرنا چاہتے ہیں تو پھر آپ کے لئے ماہر اور پیشہ ور بلاگر ہونا لازمی ہے، البتہ فلیکس جابز کے برعکس، یہاں کلائنٹس تصدیق شدہ نہیں ہوتے بلکہ صحیح کلائنٹس مواقع اور صحیح معاوضہ تلاش کرنا آپ کی ذمہ داری ہوتی ہے بلاگ رائٹنگ کے علاوہ یہاں آپ کو بلاگ ایڈیٹنگ کا فری لانس کام بھی مل سکتا ہے۔ یہاں اپنا اکاؤنٹ بنائیں اور ڈھیروں کسٹمرز حاصل کریں شروع شروع میں اپنے کام کا مناسب ریٹ رکھیں تاکہ لوگ آپ سے مطمئن ہوں۔

## گرو (Guru)

اسے بھی فری لانس رائٹرز کے لیے ایک بہترین پلیٹ فارم قرار دیا جا سکتا ہے جہاں نئے اور تجربہ کار دونوں طرح کے فری لانس رائٹرز اپنے لیے کام ڈھونڈ سکتے ہیں، یہاں بھی رجسٹریشن کا طریقہ بہت سادہ اور آسان ہے، البتہ یہاں آپ کو اپنی پروفائل میں اس کام کے نمونے رکھنے ہوں گے جو آپ ماضی میں کر چکے ہیں، اس سے آپ کے ممکنہ کلائنٹس براہ راست آپ کے پورٹ فولیو تک رسائی حاصل ہو گی اور وہ آپ سے رابطہ کر سکیں گے۔ "گرو" کی ویب سائٹ پر کوئی فری لانس رائٹر اگر چاہے تو اپنا معیاری معاوضہ بھی لکھ سکتا ہے جس سے کام ملنے کا عمل اور بھی تیز رفتاری اور تیز بہدف بن سکتا ہے، فری لانس رائٹرز یہاں آپشنز میں سے اپنے تجربے اور مہارت کے شعبے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں، جب بھی کوئی ممکنہ کلائنٹس اس ویب سائٹ کو فری لانس رائٹرز کے لیے سرچ کرے گا، آپکا اکاؤنٹ بھی ظاہر ہو گا۔

## فری لانسر ڈاٹ کام

اس ویب سائٹ کو اگر فری لانسرز کا سب سے بڑا مرکز کہا جائے تو غلط بھی نہ ہو گا۔ پروگرامنگ سے لے کر بزنس ڈیویلپمنٹ تک اور گرافک ڈیزائننگ سے لے کر رائٹنگ تک ہزاروں شعبوں میں یہاں پر کام دستیاب ہے اس کے رجسٹرڈ صارفین کی تعداد ڈھائی کروڑ (25 ملین) سے بھی زیادہ ہو چکی ہے جو یہاں پر 12 ملین سے زیادہ فری لانس پروجیکٹس مکمل کر چکے ہیں۔ اگرچہ اپ ورک کے بعد یہ فری لانسنگ کے حوالے سے دوسری بڑی ویب سائٹ ہے لیکن اس کی اہمت اپنی جگہ ہے، یہاں رجسٹرڈ ہونے کے بعد ایک فری لانس رائٹر کو بھی دوسرے فری لانسرز کی طرح اپنے متعلقہ شعبے میں دستیاب کاموں کی فہرست تک رسائی حاصل ہو جاتی ہے۔ یہاں بھی آپ کو کسی پروجیکٹ کی "بولی" لگانی پڑتی ہے اور کامیاب بولی کے بعد کام آپ کو مل جاتا ہے۔

## پیپل پر آور (People- per-Hour)

یہ بھی بہت اچھا اور استعمال میں آسان فری لانسنگ پلیٹ فارم ہے جو فیور سے ملتا جلتا ہے، فری لانس رائٹرز یہاں سائن اپ ہونے کے بعد اپنی پروفائل بناتے ہیں جس میں وہ ممکنہ کلائنٹس کے لیے فری لانس رائٹنگ سے متعلق اپنی خدمات کا اجمالی خاکہ یعنی آوٹ لائن بھی دیتے ہیں ممکنہ کلائنٹس سے رابطے اور کام کے لیے "پیپل پر آور" ایک آسان پلیٹ فارم ہے۔



## کاپی رائٹنگ سے پیسے کمائیں

دوستو، موجودہ دور میں لوگ بے روزگاری کی وجہ سے بہت پریشان ہیں اور ایک پڑھے لکھے سے لیکر ایک ان پڑھ آدمی بھی اپنی مالی حالت بہتر بنانے اور کچھ رقم کمانے کے لئے کچھ کام کرنا چاہتے ہیں، ایسی صورتحال میں اگر آپ تھوڑے پڑھے لکھے ہیں اور آپ کو لکھنے کا فن ہے اور آپ کو لکھنے کا شوق ہے تو آپ آسانی سے کاپی رائٹنگ کا کام شروع کرسکتے ہیں اور گھر بیٹھے اچھے پیسے کما سکتے ہیں، آج کل، فری لانسنگ کے میدان میں آپ گھر بیٹھے بہت سے کام کرسکتے ہیں، اور ان کاموں میں کاپی رائٹنگ بھی فری لانسنگ کے تحت آتی ہے، فی الحال، کاپی رائٹر کی طلب بہت زیادہ ہے، اور اگر آپ کاپی رائٹنگ کا کام شروع کرنا چاہتے ہیں، اگر ہاں، تو ہمارے اس مضمون کو غور سے پڑھیے گا، اس مضمون میں ہم آپ سب کو کاپی رائٹنگ کیا ہے اور کاپی رائٹنگ کے بطور رقم کیسے کماتے ہیں اس کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کروں گا۔

FactLabUrdu 0313-0655080

# کاپی رائٹنگ اصل میں کیا ہے!

آپ اسے اشتہاری یا فنانس رائٹنگ ورک بھی کہہ سکتے ہیں، یہ تحریر سے وابستہ آرٹ کی ایک قسم ہے اور اس کے تحت اشتہار بازی، مارکیٹنگ یا فروخت کے متن کی شکل میں اسکرپٹ لکھنے کا کام ہے، ہم کاپی رائٹنگ کے ایکٹ کے تحت ویب سائٹ کے لئے تحریری مضامین بھی شامل کر سکتے ہیں، کاپی رائٹر جو مواد لکھتا ہے اسے کاپی یا سیلز کاپی کہا جاتا ہے، سیلز کاپی کا کاپی رائٹر کسی بھی مصنوع یا کمپنی کے کسی اور متعلقہ کام یا اس کی معلومات کے لئے لوگوں میں اس سے آگاہی کے فروغ کے لئے ٹیکسٹ اسکرپٹ تیار کرتا ہے، جب کسی بھی مصنوعات کو ٹیکسٹ اسکرپٹ کے تحت آن لائن یا آف لائن بینر پوسٹروں کے ذریعہ فروغ دیا جاتا ہے، تب یہ فطری بات ہے کہ اس مصنوع کی فروخت میں اضافہ ہوتا ہے اور اس سے کمپنی کو نفع ملتا ہے، ایسی صورتحال میں مصنوع کی معلومات اور ترویج کے لئے لکھا ہوا متن کاپی رائٹنگ کے تحت آتا ہے، اس طرح کے کاموں کو انجام دینے کے لئے بڑی کمپنیاں ایک پیشہ ور افراد کی خدمات حاصل کرتی ہیں اور وہ پیشہ ورانہ مضامین، ویب پیج ایڈز، یا کسی بھی قسم کا پروموشنل مواد تیار کرتے ہیں جس میں متن شامل ہوتا ہے۔

FactLabUrdu
0313-0655080

## کاپی رائٹرز کیا ہیں!

ایک پیشہ ور لکھاری جس میں متن پر مبنی مضامین، ویب صفحات، ایڈز، یا پیشہ ورانہ مادی کاموں کو لکھنے کا کام پیشہ ور کاپی رائٹرز کہا جاتا ہے۔

## کاپی رائٹر اور کاپی رائٹ میں کیا فرق ہے!

چونکہ بہت سے لوگ کاپی رائٹرز کو کاپی رائٹ سمجھتے ہیں، لیکن دوستو، ان دونوں کی مختلف تعریفیں ہیں، کاپی رائٹر ایک پیشہ ور ورکنگ پروفیشنل ہوتا ہے اور اسی جگہ کاپی رائٹ ایکٹ ہوتا ہے، ہر شخص حق اشاعت کے اشتہار دینے والوں کے زمرے میں نہیں آتا ہے اس کی تعریف پڑھ کر الجھن میں نہ پڑیں، میڈیکل کاپی رائٹرز اپنے آپ میں ایک طاق ہیں اور اسی وجہ سے وہ باقاعدگی سے کاپی رائٹنگ کے تحت نہیں آتے۔

## کام کاپی رائٹر کی ملکیت ہے!

کاپی رائٹر بہت سارے کام کرسکتا ہے اور اس کے زمرے کے کام میں بہت ساری قسم کے کام ہوتے ہیں اور ان کی معلومات اس طرح ذیل میں دی گئی ہیں۔

## ایک کاپی رائٹر ٹیکسٹ بیس میٹریل لکھ سکتا ہے!

ایک کاپی رائٹر اس موضوع پر تحقیق کر سکتا ہے اور اس کے بارے میں گہرائی سے سوچ سکتا۔ کاپی رائٹر پروف ریڈنگ کا کام بھی کرتا ہے، ایک پیشہ ور کاپی رائٹر ترمیم کا کام کرتا ہے، ایک پیشہ ور کاپی رائٹر انٹرویو لے سکتا ہے، ایک کاپی رائٹر پروجیکٹ کو سنبھالنے کا کام کر سکتا ہے، ایک پیشہ ور کاپی رائٹر مارکیٹنگ مہم چلانے کے ساتھ ساتھ منصوبہ بندی بھی کر سکتا ہے، اور آخر میں، تمام کام کے اثرات کا جائزہ لینے کا کام بھی کر سکتا ہے۔

FeelLabUrdu
0313-0655080

## کاپی رائٹر کا معیار

کاپی رائٹر بننے کے لئے آپ کے پاس بہت زیادہ معیار کا ہونا ضروری ہے اور اسی وقت، آپ کو اس پر عملدرآمد کرنے کی صلاحیت بھی لازمی طور پر ہونی چاہئے۔ آو دوستوں، آیئے آپ کو بہت سے کاپی رائٹر کے معیار میں سے 5 اہم خصوصیات کے بارے میں بتاتے ہیں اور اس کی معلومات کو ذیل میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے،

## کام کے علاقے اور زبان کے مطابق گرائمر میں پکڑو:

اگر آپ کاپی رائٹر بننا چاہتے ہیں اور آپ ویب سائٹ کے لئے مواد لکھ رہے ہیں تو، سب سے پہلے تو آپ کو ایسی تحریری مہارت حاصل کرنی چاہئے، تاکہ کوئی بھی قاری آسانی سے آپ کے لکھے ہوئے مواد کو سمجھے اور ساتھ ہی اس نے بھی انتظام کیا۔ اسی قاری کو دوبارہ اپنی طرف راغب کرنا۔ اس کے ل، آپ کو اپنی زبان میں معمولی اقسام کی غلطیوں کے ساتھ ساتھ گرائمر کی بھی بہت اچھی کمانڈ ہونی چاہئے۔ اگر آپ گرائمر کی غلطیاں کرتے ہیں تو پھر آپ کبھی بھی اچھے کاپی رائٹر نہیں بن سکتے۔ اپنے لئے پروف ریڈنگ کا کام کرنے کے ساتھ ساتھ، آپ دوسروں کے لئے پروف ریڈنگ کرسکتے ہیں اور اس سے بھی بہتر رقم کماسکتے ہیں، یہ انتہائی مفید کام ہے اور کرنے میں بھی آسان ہے آپ اس کی بدولت ایک اچھا خاصا اور کم وقت پیسہ کماسکتے ہیں شرط یہ ہے کہ آپ معیار پر پورا اتریں اور آپ کا کام آپ کے کسٹمرز کی امیدوں پر بھی پورا اترے۔

## سرچ انجنز اور انوکھے تصورات تخلیق کرنے کی اہلیت:

اگر آپ اپنے پیشہ ور افراد سے متعلق کسی بھی طرح کا مواد تخلیق کر رہے ہیں تو سب سے پہلے ہمیں بھی اس سرچ انجن کے ل. بہتر بنانا چاہئے، اور مل کر ہم لوگوں کے سامنے اس تصور کو ایک انوکھے انداز میں پیش کرنے جا رہے ہیں۔ اور مختلف مہذب انداز میں پیش کرنے کے قابل ہونا چاہئے۔ ایسا کرنے سے، آپ اپنے مواد کو اچھ امعیار دیتے ہیں اور اچھی اصلاح بھی کرتے ہیں اور اسی کے ساتھ ہم اپنی صلاحیتوں کے معیار کو بھی بہتر بناتے ہیں اور اس کے ذریعہ ہم اپنی طلب میں اضافہ کرسکتے ہیں اور اچھی کمائی بھی کرسکتے ہیں۔ کرسکتے ہیں۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی

## آن لائن CMS پلیٹ فارم میں کام کرنے کی اہلیت اور قابلیت:

ملکیت ہے۔ کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم پر پبلش کرنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080

اب آپ یہ سوچ رہے ہونگے کہ آخر، سی ایم ایس پلیٹ فارم کیا ہے، دوستو، آپ اسے کنٹینٹ مینجمنٹ سسٹم کہتے ہیں۔ اس کے تحت، ورڈپریس، جملہ، میڈیم، اور بہت سے دوسرے بلاگنگ پلیٹ فارم آتے ہیں اور یہی وہ چیز ہے جسے آپ CMS پلیٹ فارم کہہ سکتے ہیں۔ آپ کو ایسے بہت سارے پلیٹ فارمز پر کام کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے استعمال سے متعلق تمام بنیادی معلومات بھی حاصل کرنے کے قابل ہونا چاہئے۔ اس کے بعد، آپ کو اس طرح کے پلیٹ فارم پر مواد کو کس طرح بہتر بنانا ہے اور اس کو شائع کرنے کے قابل بنانے سے متعلق علم ہونا ضروری ہے۔

## موکل کی مصنوعات سے متعلقہ مواد تیار کرنے کی اہلیت:

دوستو، جو پروجیکٹ جو ہمارا مؤکل ہمیں دیتا ہے وہ اس کے قارئین یا سامعین کے ذریعہ تیار کیا گیا ہے۔ ایسی صورتحال میں، ہمیں اپنے موکل کے مطابق سوچنا ہوگا اور اس کے نشانے والے سامعین کے بارے میں بھی سوچ کر مواد لکھنے کے ساتھ ساتھ اصلاح کرنا ہوگی۔ آپ اپنے کام کے تجربے اور اسکول بنانے والے مشمولات کے ذریعہ ایسا کام کر سکتے ہیں اور اسی وجہ سے ہمیں اس تصویر میں مضبوط ہونے کی ضرورت ہے اور تب ہی مؤکل ہمارے مطالبے کو سمجھے گا اور ہمیں بہت سارے پروجیکٹس دے گا جس سے آپ اچھی خاصی رقم کما سکتے ہیں۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے 0313-0655080

## کاپی رائٹنگ میں مطلوبہ اہلیت کا معیار ہے

دوستو، کاپی رائٹنگ کے میدان میں کیریئر بنانے کے، آپ کو تحریری مضمون سے متعلق کوئی تسلیم شدہ بیچلر ڈگری حاصل کرنی ہوگی، اس کے علاوہ، اپنے پورٹ فولیو کا ہونا بھی بہت ضروری ہے۔ آپ کا پورٹ فولیو آپ کو اس علاقے میں آپ کی قابلیت اور تربیت سے زیادہ مدد فراہم کرے گا، اسی لئے آپ کو اپنا پورٹ فولیو بنانا ہے یا کسی کے ذریعہ کرنا ہے، آپ کے پورٹ فولیو میں، آپ کی کاپی رائٹنگ، پروجیکٹ، یا اشتہار سے متعلق ہر طرح کے کام سے اچھی طرح سے تفصیل ہونی چاہئے تاکہ کمپنی آپ کو ملازمت پر لائے اور آپ کا پورٹ فولیو دیکھیں، وہ آپ کی تخلیقی صلاحیتوں کے بارے میں جان سکے اور وہ آپکی خدمات حاصل کرنے کے لئے نوکری دے سکے۔

## کاپی رائٹنگ سیکٹر میں نوکریوں کے لئے ایک پلیٹ فارم

اگر آپ اپنے لئے کاپی رائٹنگ کے میدان میں کوئی نوکری تلاش نہیں کرنا چاہتے ہیں تو، پھر ذیل میں کچھ پلیٹ فارم ہیں جن کا استعمال آپ آسانی سے اپنے لئے ملازمت تلاش کرسکتے ہیں اور وہ بھی کاپی رائٹنگ کے میدان میں کام کرنا

فری لانس

نوکری ڈاٹ کام

Fiverr

دوستو، آپ ان پلیٹ فارمز پر اپنا پروفائل بناسکتے ہیں اور اس کے بعد آپ اپنی اہلیت اور پیشہ ور کے مطابق ملازمتوں کی تلاش کے اشتہار دے سکتے ہیں یا سوال پر تبصرہ کرکے اور رابطے کی تفصیلات کا استعمال کر کے کمپنی کو درخواست بھیج سکتے ہیں۔

## کاپی رائٹنگ میں کمائی اور منافع

لوگ کاپی رائٹنگ کا کاروبار کرتے ہیں یا اپنی ملازمتیں ہر ماہ کم از کم 20 سے 50 ہزار روپے کی ابتدائی آمدنی حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ لاکھوں میں ہوسکتا ہے جو آگے بڑھ رہے ہیں، جو کام پر منحصر ہے۔ اگر آپ یہ کام آن لائن گھر پر بیٹھ کر کرتے ہیں تو آپ گھر بیٹھے 50 ہزار روپے تک کماسکتے ہیں۔

دوستو، آج کے دور میں، کاپی رائٹنگ کے میدان میں بہت سارے سنہری مواقع موجود ہیں اور بہت سے پیشہ ور اسی طرح گھر بیٹھے آن لائن انٹرنیٹ کا استعمال کرتے ہوئے، اور اچھی خاصی رقم کمارہے ہیں۔ اگر آپ بھی اس شعبے میں کیریئر بنانا چاہتے ہیں تو ہم امید کرتے ہیں کہ آج کا مضمون آپ کے لئے اس عنوان پر مددگار ثابت ہو گا۔

## عمومی سوالات

### س: کاپی رائٹنگ کیا ہے؟

جواب: اس میں، آپ کسی بھی کمپنی یا ویب سائٹ میں شامل ہو کر مواد لکھنے کا کام کرتے ہیں۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے چھاپنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے! 0313-0655080

### س: کاپی رائٹنگ کرنے کے لئے کس معیار کی ضرورت ہے؟

جواب: آپ کو لکھنے کی بہتر مہارت ہونی چاہئے۔

### س: کاپی رائٹنگ سے میں کتنا کما سکتا ہوں؟

جواب: ماہانہ لاکھوں روپے۔

### س: کاپی رائٹنگ کے کام میں کتنا نفع ہے؟

جواب: آپ کو اس پر کچھ خرچ کرنے کی ضرورت نہیں ہے، صرف محنت کرنا ہو گی، لہذا آپ اس میں نفع کمارہے ہیں

## کونٹینٹ مارکیٹنگ کے کچھ اہم حصے!

**کونٹینٹ ڈیٹا:** متن میں، اپنی مصنوعات سے وابستہ لوگوں کو معلومات دینا اور اپنی مصنوعات کی خصوصی خصوصیات کا تذکرہ کرنا کنٹینٹ ڈیٹا کہلاتا ہے، آسان الفاظ میں، ٹیکسٹ مواد میں مصنوع کی اچھی اور دلکش تفصیل لکھی گئی ہے۔

**ویب ڈیٹا:** اپنی مصنوع کی اچھی پوسٹ تیار کرنا اور اسے بلاگ / ویب سائٹ پر شائع کرنے کو ویب مواد کہا جاتا ہے، ویب سائٹ میں موجود تمام مشمولات کو ویب مواد کہا جاتا ہے، لیکن کونٹینٹ کی مارکیٹنگ میں، آپ اپنی مصنوعات کی پوسٹ تیار کرتے ہیں اور پھر فروغ دیتے ہیں، یہ ویب ڈیٹا میں کنٹینٹ ڈیٹا، تصاویر، ویڈیوز، انفوگرافک وغیرہ۔ ہم ویب مواد کو بہت اچھا فروغ دے سکتے ہیں تاکہ گوگل کے لوگ بھی آپ کے بلاگ پر جا سکیں۔

0313-0655080

**تصویری مواد:** املاک کی مارکیٹنگ میں شبیہہ بہت اہم ہے، اس میں آپ اپنی مصنوع کی اچھی شبیہہ تشکیل دے سکتے ہیں اور اس کی تشہیر کر سکتے ہیں جیسے کمپنیاں اپنے برانڈ کا بینر ڈیزائن فروغ کے لیے بناتی ہیں اور پھر اشتہار کے ذریعہ اس کی تشہیر کرتی ہیں، اسی طرح آپ اشتہار دے کر یا سوشل میڈیا پر اپنی مصنوع کی امیجز یا تصاویر کو فروغ دے سکتے ہیں۔

**انفوگرافک:** انفوگرافک کونٹینٹ کی مارکیٹنگ میں بہترین کردار ادا کرتا ہے، یہ ایک بہت بڑی امیج یا تصویر ہے جس میں گرافکس کا استعمال کرتے ہوئے اعدادوشمار، چارٹ، اور گراف کے بارے میں معلومات دی جاتی ہے، انفوگرافک سمجھنا آسان ہے اور یہ بہت پرکشش ہے۔

**ویڈیو:** آج کل ویڈیو کا سب سے مشہور اور اہم حصہ ہے، جس میں آپ اپنی مصنوعات کا جائزہ لیتے ہیں یا اپنی مصنوعات سے متعلق پرکشش ویڈیو بناتے ہیں، آپ یوٹیوب یا فیس بک پر اپلوڈ کرتے ہیں لیکن ویڈیو میں اچھے اثر کے ساتھ پروفیشنل ایڈیٹنگ کرتے ہیں۔ یوٹیوب پر ویڈیو اشتہار دیکھے ہیں، وہ ویڈیو مواد بھی ہے۔

یہ کتاب صرف Facebook فیس بک پیج کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے! 0313-0655080

کونٹینٹ کی مارکیٹنگ کے لئے سب سے اہم چیز آگاہی ہے، مطلب یہ ہے کہ آپ جو بھی مواد تیار کرتے ہیں، آپ لوگوں تک پہنچنا ہوتا ہے تاکہ وہ آپ کی مصنوعات کے بارے میں جان سکیں، اس کے بعد آپ کو ان لوگوں تک پہنچنا ہوگا جو آپ کی مصنوعات سے متعلق تلاش کر رہے ہیں۔

جب بھی کوئی چیز خریدنے کے لئے تیار ہو، تو پھر اس کا موازنہ پہلے کریں، پھر آپ کو ان کے ساتھ مصنوع کا موازنہ کرنا ہوگا اور انہیں بتانا ہوگا اور آپ کو مصنوع کو پورا کرنا پڑے گا۔

## کونٹینٹ مارکیٹنگ سے پیسہ کیسے کمائیں!

**ایڈورٹئزنگ:** ایک ایساماحول فراہم کریں جہاں دیگر کمپنیاں یابرانڈز کے پروموشنل پیغامات کے لیے مجموعی سامعین ہوں۔ ڈیجیٹل اور موبائل کی دنیا میں، مختلف قسم کے آپشنز دستیاب ہیں۔ بڑے ایڈورٹائزنگ فارمیٹس میں سرچ اشتہارات، بینرز، ٹیکسٹ لنکس، اسپانسرشپ، ویڈیو (پری اور پوسٹ رول آپشنز)، سوشل میڈیا آپشنز، موبائل ٹیکسٹ، بینرز اور سرچ شامل ہیں۔ ڈیجیٹل ایڈورٹائزنگ آپشنز کی ایک لمبی لسٹ پیش کرتا ہے جو پرنٹ یابراڈکاسٹ کے آپشنز سے کم مہنگے ہوتے ہیں۔

**بلاگنگ:** اس کے متعلق میں پہلے بھی لکھ چکاہوں پر یہاں تھوڑا کھل کر بیان کروں گا، بلاگنگ آن لائن پیسہ کمانے کا تیز ترین طریقہ ہے، آپ کو صرف یہ کرنا ہے کہ کسی ایک ٹاپک پر بلاگ بنائیں آپ ٹیکنالوجی، لائف سٹائل، ہوم ڈیکوریشن یاکسی بھی کی ورڈ پر بلاگ بناسکتے ہیں اور اپنے قارئین میں اضافے کے ساتھ ساتھ باقاعدگی سے دلچسپ پوسٹس اپ لوڈ کرنا شروع کریں، اگر آپ اپنے بلاگ کو روزانہ 3000 سے زائد ٹریفک وصول کرنے کی حد تک بڑھاسکتے ہیں، توبرانڈز یاکمپنیز آپ کے بلاگ پر کونٹینٹ کی سپونسرشپ کے لئے آپ سے رابطہ کرناشروع کر دیں گے کچھ بلاگز اسپانسرڈ پوسٹس سے ہر ماہ 10,000 ڈالر تک کمارہے ہیں، اور کوئی وجہ نہیں ہے کہ آپ اپنے لئے یہ حاصل نہیں کرسکتے ہیں، یہاں واحد کام آپ کے سامعین کو قیمتی مواد فراہم کرنا اور آپ کے بلاگ کی قارئین کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے، آپ کو اپنے برانڈ کی تعمیر اور اپنے بلاگ پر ٹریفک کو فروغ دینے کے لئے اپنے مقام میں متعدد اعلی بلاگز پر گیسٹ پوسٹ کرنے کی بھی ضرورت ہوگی۔

FactLabUrdu 0313-0655080

**ایفیلیٹ مارکیٹنگ:** اگر آپ کے پاس قابل اعتماد قارئین ہیں تو آپ دوسرے لوگوں کی مصنوعات بیچ کر بہت پیسہ کما سکتے ہیں۔ اسے الحاق مارکیٹنگ یا ایفیلیٹ مارکیٹنگ کہا جاتا ہے۔ آپ کو کمپنیوں اور مارکیٹرز کی ملکیتی مصنوعات فروخت کرنے کے لیے ایک متفقہ کمیشن ملتا ہے۔

ایفیلیٹ مارکیٹنگ کی ایک وسیع رینج ہے جس کے ساتھ آپ مفت میں سائن اپ کر سکتے ہیں اور جس چیز کو آپ فروغ دینا چاہتے ہیں اسے منتخب کر سکتے ہیں۔ کچھ تنخواہ کمیشن فروخت ہونے والی فی پروڈکٹ 45 فیصد کے قریب ہے۔

یہ کتاب ... کی ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے! 0313-0655080

آپ کو بس اتنا کرنا ہے کہ آپ ایک اچھی کوالٹی کا پروگرام تلاش کریں اور اس کے ساتھ منسلک رہیں۔ آپ ان مشہور الحاق نیٹ ورکس کو بھی دیکھ سکتے ہیں تاکہ فروغ دینے کے لیے مصنوعات یا خدمات تلاش کریں۔ ایمیزون، کلک بینک، اور کمیشن جنکشن، اپنی پسند کی چیز ملنے کے بعد، آپ سائن اپ کرتے ہیں، کوئی پروڈکٹ چنتے ہیں اور مواد کی مارکیٹنگ کے ذریعے اس کو فروغ دینا شروع کر دیتے ہیں جب تک کہ آپ اپنے ہدف تک نہ پہنچ جائیں، آپ اپنے پروموشنل مواد کو آرٹیکل ڈائریکٹریز، اپنے بلاگ (اگر آپ کے پاس ہے)، اسپانسر شدہ گیسٹ پوسٹس، یا سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جس میں آپ سرگرم ہیں شائع کر سکتے ہیں۔

**ویب کونٹینٹ رائٹنگ:** کیا آپ کو ویب مواد تخلیق کرنے کا تجربہ ہے؟ اگر آپ ایسا کرتے ہیں، تو آپ کو ممکنہ طور پر ایس ای او میں بھی تجربہ ہو سکتا ہے،

جو آپ کے لئے ان کمپنیوں کے ساتھ کونٹینٹ مارکیٹنگ کی ملازمت فراہم کرنے کا ایک اچھا موقع ہے جو سرچ انجن کے نتائج کے صفحے پر اپنی درجہ بندی کو بہتر بنانے کے خواہاں ہیں،

آپ برانڈز کو باقاعدگی سے اپنی ویب سائٹ کے لئے سرچ انجن آپٹیمائزڈ مواد بنانے میں مدد کریں گے، اگر آپ کو ایس ای او کا کوئی علم نہیں ہے تو یہ ایک ایسی چیز ہے،

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے

تشہیر کرنا جرم ہے!

0313-0655080

جو آپ یوٹیوب پر ویڈیوز دیکھ کر یا اس کے بارے میں بلاگ پوسٹس پڑھ کر سیکھ سکتے ہیں۔

## خلاصہ

مواد کی مارکیٹنگ آن لائن پیسہ کمانے کا ایک اچھا طریقہ ہے اگر آپ مواد کی تخلیق کے ساتھ اچھے ہیں، چاہے وہ ویب مواد ہو یا سوشل میڈیا مواد

یہاں کلید قدر کی ترسیل ہے، اگر آپ اپنے سامعین کو اچھے مواد سے خوش رکھ سکتے ہیں، تو آپ #contentmarketing کے ساتھ اپنے لئے مقرر کردہ کچھ بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

## کونٹینٹ رائٹنگ کے بنیادی تقاضے!

**لکھنے کی عادت:** اگر آپکو لکھنے کی عادت ہے اور یہ کام اچھا لگتا ہے تو آپ بہت اچھے سے لکھ پائیں گے۔

- **پڑھنے کی عادت:** مواد لکھنے کیلئے پڑھنا بھی بہت ضروری ہوتا ہے۔ تاکہ جو دوسرے رائیٹرز لکھ رہے ہیں ان سے بھی ہم نیا سیکھ کر اپنی رائیٹنگ میں لاگو کر سکیں۔

- **الفاظ کی اچھے سے سمجھ ہونا:** مود لکھنے کیلئے سب سے زیادہ ضروری ہے الفاظ کی سہی سے سمجھ ہونا۔ کیوں کہ اگر ہم سہی الفاظ کا چناؤ ہی نہیں کریں گے تو ہو سکتا ہے کہ جو ہم لکھ کر سمجھانا چاہ رہے ہیں وہ سامنے والے کو سمجھ ہی نہ آئے۔ اور ہمارا لکھنا بھی ضائع ہو جائے۔

FactLabUrdu
0313-0655080

- **لکھنے کا سہی طریقہ:** لکھنے کا سہی طریقہ بھی بہت ضروری ہے۔ نہیں تو کوئی بھی انسان وہ بوریت والا مواد یا جو اسکو سمجھ نہیں آرہا پڑھنا پسند نہیں کرتا۔

- **زبان کی سہی سمجھ ہونا:** آپ اردو میں لکھ رہے ہو یا انگلش میں یا کسی بھی اور زبان میں۔ آپکو اس زبان کی سہی سمجھ ہونا بہت ضروری ہے۔ تب ہی آپ ٹھیک سے لکھ پائیں گے۔

مزید تفصیلات، اور کورس کرنے کے لیے واٹسپ پر رابطہ کریں، 0313-0655080



**پڑھنے والے کو پہچانیں:** کچھ بھی لکھنے سے پہلے آپکو یہ سمجھنا بہت ضروری ہے کہ آپ جو بھی لکھ رہے ہیں اس کو کون لوگ پڑھنے والے ہیں۔ اور وہ کس طرح پڑھنا پسند کریں،

**اپنے ریڈرز سے پرسنل رابطے میں رہیں:** جو بھی آپ لکھ رہے ہیں، اسکو اس طرح لکھیں جیسے آپ جو سامنے والا پڑھ رہا ہے آپ ان سے سامنے بیٹھ کر بات کر رہے ہیں،

**صبر کے ساتھ اچھی طرح ریسرچ کریں:** جس ٹاپک پر بھی آپ لکھ رہے ہیں، اسکو لکھنا شروع کرنے سے پہلے اس ٹاپک کے بارے میں اچھی طرح سے ریسرچ کریں۔ آپکو اس ٹاپک کے بارے میں مکمل معلومات ہو گی تبھی آپ اچھے سے لکھ پائیں گے۔

**ملتے جلتے ٹاپکس پر لکھیں:** اگر آپکا بلاگ ہے وہاں آپ جو بھی پوسٹ لکھ رہے ہو تمام پوسٹوں کا ایک دوسرے کے ساتھ میل جول ہونا چاہیئے۔ اگر آپ پوسٹ کو ایسے پبلش کریں گے جن کو ایک دوسرے سے لینا دینا نہیں ہو گا تو پڑھنے والے کو تھوڑی پریشانی ہو گی


**مواد میں اصلیت دکھائیں:** جو بھی آپ لکھتے ہیں اس میں انفرادیت رکھیں، کیوں کہ کوئی بھی اگر آپکو پوسٹ پڑھنے آرہا ہے تو اسکو اچھی اور اصل انفارمیشن / معلومات ملے سوالوں کے جوابوں سے لوگوں کو مشغول رکھیں: جو بھی آپ لکھ رہے ہیں، اس میں سوالوں کا استعمال کریں۔ جس سے یوزر دھیان سے آپکا آرٹیکل پڑھتا رہے گا۔

**گرائمر کی غلطیاں نہ کریں:** جو بھی آپ لکھ رہے ہیں اس میں گرائمر کی غلطیاں نہیں ہونی چاہیئں۔ وہ چیک کرنے کیلئے فری ٹولز دستیاب ہیں آپ ان کا استعمال کر سکتے ہیں،

**لکھنے کے بعد پڑھیں ضرور:** مواد لکھنے کا سب سے ضروری کام ہوتا ہے کہ جو آپ نے لکھا ہے اس کو چیک کریں کہ کوئی غلطی تو نہیں ہے۔ اس کا ہم پروف ریڈنگ کہتے ہیں،

تو امید ہے آپ سمجھ چکے ہوں گے کہ کونٹینٹ رائٹنگ کیا ہے۔

FactLabUrdu
0313-0655080



## سوشل میڈیا سے کونٹینٹ رائٹنگ کے ذریعے کمانا!

سوشل میڈیا سائٹس پر بھی آپ لکھ کر اچھا خاصا پیسہ کما سکتے ہیں جن میں فیسبک، انسٹاگرام، پینٹرسٹ، وغیرہ شامل ہیں آپ ان پر اپنے پیجز بنا کر مختلف طرز کا مواد لکھ کر اپنے قارئین کی توجہ حاصل کر کے اچھے خاصے پیسے کما سکتے ہیں وہ بھی نہایت آسان طریقوں سے، انٹرنیٹ پر 70 فیصد سے زیادہ کمائی میں سوشل میڈیا پر کونٹینٹ رائٹنگ سے کرتا ہوں، اور میں اپنی ویب سائٹس بھی رن کر رہا ہوں گوگل پر اس کے علاوہ میرا اپنا پیج چل رہا ہے فیسبک پر FactLabUrdu کے نام سے آپ اس پیج کو سرچ کر کے میرے کام کرنے کا طریقہ دیکھ سکتے ہیں، الحمد اللہ میں اپنی ویب سائٹس اور فیسبک پیج سے ماہانہ کافی اچھی کمائی کرتا ہوں، میں ایک لکھاری ہوں اس کے علاوہ مجھے اپنے فیسبک پیج سے کافی سارے کسٹمرز بھی ملتے ہیں روزانہ جو مجھ سے اپنی ویب سائٹس اور یوٹیوب چینل کے لئے کونٹینٹ لکھواتے ہیں، فیسبک بہت اچھا ذریعہ ہے لکھ کر پیسے کمانے کا اس میں آپ کو زیادہ محنت بھی نہیں کرنی پڑتی بس آپ کو روزانہ لکھنا ہوتا دل لگا کر جس سے آپ جلدی کامیاب ہو کر کمانا شروع کر دیتے ہیں۔

مزید تفصیلات، اور کورس کرنے کے لیے واٹسپ پر رابطہ کریں، 0313-0655080



## کونٹینٹ رائٹنگ کو کہاں سے شروع کریں!

اگر آپ کونٹینٹ رائٹنگ کو شروع کرنا چاہتے ہیں، تو آپ فیسبک پر اپنا اچھا سا پیج بنائیں، سب سے پہلے آپ یہ سوچ لیں کے آپ کیا لکھ سکتے ہیں، کہانیاں، خبریں، اسلامی معلومات، جنزل نالج فیکٹس، وغیرہ آپ جو آسانی سے لکھ سکتے ہیں اس کا پہلے انتخاب کریں، اس کے بعد اسی طرز پر اپنے پیج کو اچھا سا یونیک نام دیں، ساتھ ہی اسی نام سے اپنے انسٹاگرام پر بھی اکاؤنٹ بنائیں، اچھا سا لوگو لگائیں اور آرٹیکلز معلومات لکھنا شروع کر دیں۔

## پیج پر فالورز کیسے لے کر آئیں، اور مواد کہاں سے حاصل کریں!

FactLabUrdu 0313-0655080

جب آپ اپنا پیج بنا لیتے ہیں، اس کے بعد سب سے اہم چیز یہی ہے کہ پیج پر فالورز کیسے لے کر آئیں اور پیج پر مواد لکھنے کے لئے اس مواد کو کہاں سے حاصل کریں، مواد کی ریسرچ کرنا کافی مشکل ہوتا پر ناممکن نہیں، جس بھی موضوع پر آپ نے اپنا پیج بنایا ہو آپ اسی موضوع پر گوگل پر سرچ کر کے کافی مواد ڈھونڈ سکتے ہیں اور اسے اپنے طریقے سے ایڈیٹ کر کے اپنے پیج پر لگا سکتے ہیں، یاد رہے آپ اپنی ریسرچ ہو گی تو لوگ آپ کے پیج پر جلدی اور زیادہ آئیں گے، اگر آپ کاپی پیسٹ کا سہارا لیں گے، تو آپ کو کبھی بھی فائدہ نہیں ہو گا الٹا آپ کا پیج ریڈ لسٹ ہو جائے گا لہذا آپ اپنی ریسرچ کریں اور اپنا مواد لکھیں، اب بات آتی ہے کے ہم پیج پر فالورز کیسے لے کر آئیں، اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ اپنے موضوع اور پیج کے حوالے سے فیسبک پر گروپ جوائن کریں، اور ان گروپس کے اندر اپنے پیج کی پوسٹوں کو شئیر کریں انشاءاللہ ایک ماہ میں پیج پر کافی فالورز جمع ہو جائیں گے۔

# پیج سے کمائی کیسے ہوتی!

آپ نے پیج بھی بنالیا معلومات بھی لگا رہے ہیں اور پیج پر فالورز بھی آرہے ہیں، اب آپ سوچ رہے ہوں گے کہ کمائی کیسے ہو گی، تو چلیے میں آپ کو بتا دیتا ہوں جب آپ کے پیج پر 1000 فالورز پورے ہو جائیں اس کے بعد آپ بلاگ، پر یا ورڈ پریس، پر اپنی ایک ویب سائٹ بنالیں آپ مفت میں آسانی سے ویب سائٹ بنا سکتے ہیں اگر آپ کو نہیں پتہ تو آپ یوٹیوب پر ویب سائٹ بنانے کے کافی سارے ویڈیوز دیکھ سکتے ہیں، ویب سائٹ بھی اپنے پیج کے نام سے بنائیں، ویب سائٹ بنانے کے بعد آپ جو مختصر معلومات ہے وہ پیج پر لکھیں اور جو تھوڑی زیادہ لمبی معلومات ہے اس کو ویب سائٹ پر لکھیں، اس کے بعد جب آپ فیسبک پر انسٹنٹ آرٹیکل کے لئے مونیٹائزیشن کے لئے اپلائی کر دیں 2 سے 3 دن میں آپ کا پیج مونیٹائز ہو جائے گا، اس کے بعد آپ اپنی ویب سائٹ پر جو معلومات لکھیں اس کا لنک اپنے پیج پر چھوڑیں آپ کے فالورز جب معلومات پڑھنے کے لئے آپ کے پیج پر دیے گئے لنک پر کلک کر کے آپکی ویب سائٹ پر جائیں گے، وہاں فیسبک نے اپنے اشتہارات لگا رکھے ہوں آپ کے فالورز معلومات پڑھیں گے اور آپ کو ان اشتہارات کی مد میں فیسبک پیج سے ماہانہ کافی اچھی کمائی بھی ہو گی، آپ اپنی ماہانہ ارننگ کو اپنے بنک اکاؤنٹ یا شناختی کارڈ پر بذریعہ آنلائن فیسبک سے منگوا سکتے ہیں جو کے نہایت آسان ہوتا ہے، آپ جتنی زیادہ معلومات لکھیں گے اتنا زیادہ کمائیں گے، اگر آپ اس کام کو فل ٹائم کرتے ہیں تو آپ ماہانہ 35-40 ہزار آسانی سے کما سکتے ہیں اگر آپ اس کو پارٹ ٹائم کرتے ہیں تو 20-25 ہزار آسانی سے بنائے جا سکتے ہیں۔

## ای بک لکھ کر بیچ سے الگ سے کمائی کرنا!

اس کے علاوہ بھی آپ اپنا کاروبار کر کے بھی ساتھ میں پیج سے کمائی کر سکتے ہیں، جب آپ کے پیج پر 4-5 ہزار فالورز ہو جائیں پھر ساتھ میں آپ اپنی معلوماتی کتاب بھی لکھنا شروع کر دیں جس حوالے سے آپ کا پیج ہو اسی موضوع پر کتاب بھی لکھیں اور اس کو pdf فارمیٹ میں تیار کریں اور اپنے پیج کے فالورز کو 100-150 قیمت رکھ کر بیچتے رہیں جس سے آپ کتابیں بیچ کر بھی آسانی سے کافی اچھی کمائی کر سکتے ہیں۔

---

امید ہے کہ آپ سمجھ چکے ہوں گے کے کونٹینٹ رائٹنگ کیا ہے اور اس بدولت کیسے پیسہ کمایا جاتا ہے،

ملکیت ہے، کتاب کو ... فارم سے بیچنا یا اس کی تشہیر کرنا جرم ہے! 0313-0655080

اگر آپ کو سمجھ نہیں آئی اور آپ اس کا مکمل کورس کرنا چاہتے ہیں، تو آپ مجھ سے آنلائن کورس سیکھ سکتے ہیں، معقول فیس ادا کر کے، جس میں آپ کو مکمل کونٹینٹ رائٹنگ سکھائی جائے گی شروع سے ارننگ کرنے تک، انشاءاللہ

اگر آپ سیکھنا چاہتے ہیں تو میرے واٹسپ نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں، شکریہ

**Whatsapp: 0313-0655080**

نثار یونس

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی
ملکیت ہے، کتاب کو کسی اور پلیٹ فارم سے بیچنا یا اس کی
تشہیر کرنا جرم ہے!
0313-0655080